ہفت روزہ

کوکن کی آواز

gest Circulated Urdu Weekly **Kokan Ki Aawaz**
ost/Reg No MH/MR/RGDRNP-19/2006-2008 wpp license No MH/MR-20/07 08
2666,223666 Fax(02145)223666 Email rkkiawaz@gmail.com

100% REFUND VALUE OF GOLD
ممبئی میں مشہور و معروف سونے چاندی کی دکان
شاہ بھورمل ایدان ملجی اینڈ کمپنی
دکان نمبر 6'5'4 سیون اسٹار بلڈنگ روبرو عمر کھاڈی
ڈونگری جیل روڈ ممبئی
فون نمبر 23775897/23778717/23723092
SHAH BHURMAL AIDANMALJI & Co

جلد(۶) شمارہ (۵۲) ☆قیمت دو روپے پچاس پیسے ☆صفحات ۴، مہاڈ ☆ **جمعہ** ۱۵/جون ۲۰۰۷ء تا ۲۱/جون ۲۰۰۷ء ۲۹/جمادی الاول تا ۵/جمادی الآخر ۱۴۲۸ھ Pages:4

اندرونی صفحات پر

2 صبح ضرور آئے گی (اداریہ)

مصائب الدنیا 3

صابن کا دام..... آئے خیر کے کام

● دردمند صابن کی فروخت کا آغاز ● علماء کاروبار میں بھی مثال قائم کریں۔ مولانا بروڈ

(**مہاڈ**) آزادی کے وقت مسلمانوں کی بے چارگی اور افراتفری کو دیکھکر مسلمانوں کے ملی تشخص اور انکے ایمان کی حفاظت کیلئے علمائے دین نے فیصلہ کیا کہ دینی تعلیم کو عام کیا جائے اور اس کیلئے ضروری ہے کہ بڑے پیمانے پر مدارس قائم کئے جائیں' ان خیالات کا اظہار کرتے ہوئے جامعہ عربیہ حسینیہ شریوردھن کے مہتمم عزت مآب مولانا امان اللہ بروڈ نے آگے فرمایا کہ آج بھی وہی صورتِ حال ہے' اسلام کو مٹانے کیلئے بین الاقوامی سطح پر کوشش کی جارہی ہے اور مسلمانوں کو اسلامی تعلیمات سے بے بہرہ کرنے کے منظم طور پر منصوبے بنائے جارہے ہیں اسلئے ہمارے لئے ضروری ہے کہ ہم اپنے ایمان کی حفاظت کیلئے اور اپنی مذہبی شناخت قائم رکھنے کیلئے اپنے تعلیمی ادارے قائم کریں' حضرت مولانا انجمن دردمندان، تعلیم و ترقی مہاڈ کے تعلیمی و تربیتی یک ماہی سمر کیمپ کے اختتامی اجلاس سے خطاب فرمارہے تھے' یہ اجلاس موصوف کی صدارت میں منعقد ہوا تھا اور اس موقع پر انہی کے ہاتھوں انجمن کی اولین کاروباری پیش کش دردمند صابن کی فروخت کے سلسلے کا آغاز بھی ہوا' اس تعلق سے مولانا نے انجمن کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں یہ نہایت اہم قدم ہے اور جیسا کہ کہا گیا ہے کہ دردمند صابن کے کاروبار کا سارا منافع تعلیمی اور خیر وفلاح کے کاموں میں لگایا جائے گا تو یہ کاروبار اپنے آپ کارِ خیر کے درجہ میں آجاتا ہے' اس موقع پر انہوں نے مذاقاً عرض کیا لوگ کہیں گے لو اب مولانا بھی بزنس کرنے لگے' تاہم انہوں نے فرمایا کہ علماء کاروبار میں بھی مثال قائم کریں' تقریب کے معزز مہمان پروفیسر خالد اگاسکر نے اپنی تقریر میں کہا کہ سماجی جلسوں میں باتیں تو بہت ہوتی ہیں مگر عمل کا میدان اکثر خالی ہی نظر آتا ہے' البتہ انجمن دردمندانِ تعلیم و ترقی اس سے مبرا ہے' یہاں تعلیمی اور رفاہی کام تیز رفتاری سے جاری ہیں انہوں نے آگے کہا کہ انجمن کے پاس کامیابی کی راہیں ہیں جانوروں کی چربی سے پاک دردمند صابن کے کاروبار کے تعلق سے اگاسکر نے کہا کہ یہ کاروبار ضرور فروغ پائے گا' انہوں نے انجمن کے اس قدم کو معاشرے کی خود کفالت کی طرف بڑھنے والے پہلے قدم سے تعبیر کیا' رائیگڈھ کی معروف شخصیت جناب غلام محمد پٹیل نے اپنی تقریر میں امیر کوکن مولانا مفتی محمد رفیق صاحب کو مبارکباد پیش کی کہ انکی صندوقچہ اسکیم نے بیواؤں کو زندہ رہنے کا حوصلہ عطا کیا ہے' موصوف نے کیمپ کے نظم و نسق اور طلبہ کیلئے گئے گئے جملہ انتظامات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کیمپ میں طلبہ نے پاکیزہ زندگی کے رہنمایانہ اصول سیکھے ہیں' جناب الطاف ناٹوسکر اور نیرول سے تشریف لائے ہوئے جناب شیخ بسم اللہ نے بھی اس موضع پر اپنے خیالات کا اظہار کیا اس سے قبل انجمن کے صدر مفتی محمد رفیق [illegible] صاحب نے اپنی مختصر سی تقریر میں فرمایا کہ جس انجمن کا آغاز ۱۹۹۸ء میں فخر کوکن عزت مآب حضرت مولانا سید شوکت نظیری کی دعاؤں سے ہوا تھا وہ انجمن اللہ کے فضل سے قدم بہ قدم اپنے مقاصد کے حصول کی جانب بڑھ رہی ہے' دردمند صابن کے تعلق سے بھی حضرت مولانا نے اپنی رضامندی ظاہر کی ہے' اور دعاؤں سے نوازا ہے' مفتی رفیق صاحب نے حاضرین کو مولانا شوکت صاحب کی علالت سے بھی با خبر کیا اور دعاؤں کی درخواست کی آپ نے کیمپ کے کامیاب انعقاد پر کیمپ کے معلمین اور دیگر معاونین کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ یہ کام اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر ممکن ہی نہیں تھا' کیمپ میں شامل ایک طالب علم غفران کنکے نے اپنے تجربات اور مشاہدات بیان کرتے ہوئے کہا کہ وقت کی پابندی اور روزہ مرہ کی زندگی میں دینی اصولوں کی پیروی اس کیمپ کے توسط سے ہی اجاگر ہو پائی ہے' اس اختتامی اجلاس میں طلبہ کو انعامات و اسناد سے نوازا گیا' اجلاس میں موجود بعض حضرات نے اضافی قیمتوں پر دردمند صابن خرید کر انجمن سے تعاون کا اظہار کیا' اس شاندار اجلاس کی نظامت مولانا اسحٰق گھارے نے فرمائی۔

دردمند صابن
दर्दमंद
साबुन

Dardmand
SOAP
Premium Soap
Mkd by
Anjuman Darmandane Talim-o-Taraqqi Mahad Raigad 402 301

ترقی کیا
انجمن وسیع
مقام پوسٹ
کے زیرِ انتظام
مہر النساء عہ